
سبق 11

# بوجھو تو جانیں

پہیلی بوجھ کر صحیح تصویر میں اس کا نمبر لکھو

(1) بھٹی میں لوہا پگھلاتا
نئے نئے اوزار بناتا



(2) کورا کپڑا لے کر جائے
کُرتا جھبلا سی کر لائے

(3) چمڑا کیلیں لے کر جائے
چپل جوتے نئے بنائے

(4) سونا چاندی تانبا پیتل
اسی کے ہاتھوں بن جائے زیور

(5) کھیت جوت کر فصل اُگاتا
تب سب کو کھانا مل پاتا



(6) جنگل سے یہ لکڑی لائے
ہل کرسی اور میز بنائے



(7) کرگھے پر سوت چڑھائے
دھوتی ساڑھی جھٹ بن جائے



(8) میلے کپڑے لے کر جاتا
اُجلا ان کو کر کے لاتا



(9) اینٹیں چُن کر سمینٹ لگاتا
نئے مکان ہر روز بناتا



(10) گیلی مٹی رکھ چاک گھماتا
گملے، مٹکے، خوب بناتا

---

تدریسی اشارے:- پہیلی ایک بھید ہوتی ہے پہیلی کے بھید کو ڈھونڈنا پہیلی بوجھنا کہلاتا ہے۔ پہیلی کے لفظوں پر غور کرنے سے اس کو بوجھنے میں مدد ملتی ہے۔

## مشق اور سوالات

1۔ پڑھئے اور لکھئے:۔

بھٹی، پگھلا کر، جھبلا، زیور، چمڑا، فصل، جنگل، لکڑی، اینٹیں،

2۔ بتائیے۔

(الف) کپڑے سینے والے کو کیا کہتے ہیں؟

(ب) کھیتی کرنے والے کو کیا کہتے ہیں؟

(ج) میز، کرسی، کھڑکی، دروازے، کون بناتا ہے؟

(د) زیور بنانے والا کون ہوتا ہے؟

(ہ) گندے کپڑے اجلے کون کرتا ہیں؟

3۔ خالی جگہیں بھریئے۔

(1)..........لکڑی کا کام کرتا ہے

(2)..........اناج اُگاتا ہے

(3)..........اینٹ سمینٹ سے مکان بناتا ہے

(4)..........کپڑے دھوتا ہے

(5)..........جوتے بنا کر دیتا ہے

(6)..........ساڑی بنتا ہے

(7)..........مٹکا بناتا ہے

(8)..........مٹھائی بناتا ہے


4۔ تمہارے گھر میں کون کیا کام کرتا ہے؟


5۔ لوگوں کو کام کرنے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

6۔ پیسے ہمارے کس کام آتے ہیں؟

7۔ لائن کھینچ کر جوڑے ملائیے

| | |
|---|---|
| گھر بنانے والے | جولاہے |
| اوزار بنانے والے | مزدور |
| مٹی کے سامان بنانے والے | لوہار |
| کپڑا بُننے والے | کمہار |





8۔ اوپر کی تصویروں میں سے چھانٹ کر لکھئے کون سی چیز کس کے کام آتی ہے؟

| درزی | کسان | کمہار | بڑھئی |
| --- | --- | --- | --- |
| ............ | ............ | ............ | ............ |
| ............ | ............ | ............ | ............ |
| ............ | ............ | ............ | ............ |